قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کا تیسراراؤنڈ مکمل

- بارش کے باعث تینوں میچز بے نتیجہ ختم
- ذوالفقار بابر کی میچ میں 8 اور جلات خان کی ایک اننگز میں7 وکٹیں

لاہور، 28 ستمبر 2019ء:

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کا تیسرا راؤنڈ ختم ہوگیا۔بارش سے متاثرہ راؤنڈ کے تمام میچز بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوئے۔

حیات آباد اسپورٹس کمپلیکس پشاور میں کھیلا گیا سیزن کا پہلا نان فرسٹ کلاس میچ ڈرا ہوگیا۔ سدرن پنجاب کے مینٹور ذوالفقار بابرکی کوکابورا کے گیند سے شاندار کارکردگی کا سلسلہ برقرار ہے۔ وہ بے نتیجہ ختم ہونے والے اس میچ میں بھی 8 وکٹیں حاصل کرکے نمایاں باؤلر رہے۔اس سے قبل میچ کے آخری روز میزبان ٹیم نے دوسری اننگز میں مجموعی طور پر 31 رنز کی برتری سے کھیل کا آغاز کیا تو گوہر علی اور مہران ابراہیم کریز پر موجود تھے۔ دونوں کے درمیان 49 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ تاہم اننگز کی سب سے اہم 64 رنز کی شراکت کپتان خوشدل شاہ اور اسد آفریدی کے درمیان قائم ہوئی۔اسد آفریدی 74 اور خوشد ل شاہ 34 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ خیبر پختونخوا کے دیگر تمام بلے بازوں کی ذوالفقار بابر کی گھومتی گیندوں کے سامنے ایک نہ چلی۔ مینٹور اسپنر کی جانب سے 65 رنز کے عوض 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنے والے اسپیل کے باعث خیبرپختونخوا کی پوری ٹیم 212 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سدرن پنجاب کے بلے بازوں نے مجموعی طور پر 210 رنز کے ہدف کا تعاقب کرنے کے لیے دوسری اننگز میں تیز کھیل کا آغاز کیا مگر وہ دن کے اختتام تک مقررہ ہدف عبور کرنے میں ناکام رہے۔ مہمان ٹیم نے 15 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 74 رنز بنائے تھے کہ کھیل کے لیے مقررہ وقت ختم ہوگیا۔ مختار احمد نے1 چھکا اور 6 چوکوں کی مدد سے 39 گیندوں پر 50 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ میزبان ٹیم کی جانب سے آصف آفریدی نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔اس سے قبل خیبرپختونخوا نے پہلی اننگز میں 346 اور سدرن پنجاب نے 348 رنز اسکور کیے تھے۔

سنٹرل پنجا ب اور بلوچستان کی ٹیموں کے درمیان لاہور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن گراؤنڈ لاہور میں کھیلا گیا میچ ڈرا رہا۔ شہر میں ہونے والی بارش کے باعث میچ کے آخری روز صرف 27.5 اوورز کا کھیل ہوسکا۔ بلوچستان نے دوسری اننگز میں5 وکٹوں کے نقصان پر 58 رنز کی برتری حاصل کی تھی کہ بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ بعدازاں آفیشلز نےمیچ بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ اس سے قبل11 رنز کےخسارے میں موجود مہمان ٹیم نے 3 رنز بغیر کسی نقصان کے اننگز کا آغاز کیا تو نائٹ واچ مین گلریز صدف 11 رنز بنا کر احمد صفی عبداللہ کی گیند پر آؤٹ ہوگئے۔ پہلی اننگز میں سنچری اسکور کرنے والے اویس ضیاء 10 اور تیمور علی بغیر کوئی رنز بنائے آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔دونوں کھلاڑیوں کو سنٹرل پنجاب کے مینٹور اور فاسٹ باؤلر اعزاز چیمہ نے بولڈ کیا۔ بلوچستان کے اوپنر اسامہ رزاق اور مڈل آرڈر بیٹسمین فہد اقبال کو محمد علی نے آؤٹ کیا۔ 72 رنز پر مہمان ٹیم کے 5 کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے کہ شدید بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ بعدازاں میچ آفیشلز نے آؤٹ فیلڈ گیلی ہونے کےباعث میچ کا دوبارہ آغاز کرنے کی بجائے اسے بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے اعزاز چیمہ نے میچ میں 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیاتاہم بلوچستان کی جانب سے پہلی اننگز میں 7 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنے والے جلات خان کی میچ میں کارکردگی نمایاں رہی۔ اس سے قبل بلوچستان نے ٹاس جیت پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے اویس ضیاء اور اکبر الرحمٰن کی سنچریوں کی بدولت پہلی اننگز میں مقررہ 83 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 335رنز بنائے تھے۔ جواب میں بلوچستان کی پوری ٹیم اوپنر علی زریاب کی سنچری کی بدولت 349 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔

ادھر سندھ اور ناردرن کے درمیان نیشنل بنک اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں جاری میچ ڈرا ہوگیا ہے۔بارش سے متاثرہ میچ میں ایک بھی اننگز مکمل نہیں کی جاسکی۔ آؤٹ فیلڈ گیلی رہنے کے باعث میچ کے تیسرے روزایک بھی گیند نہیں پھینکی گئی۔ دن بھر دونوں ٹیموں کے کھلاڑی ڈریسنگ روم میں موجود رہے تاہم میچ آفیشلز نے میچ کو بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ اس سے قبل خراب موسم اور بارش کے باعث میچ کے دوسرے روز بھی صرف 16.1 اوورز کا ہی کھیل ممکن ہوسکا۔ اس سے قبل دوسرے روز کے اختتام پر میزبان ٹیم نے73 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 238 رنز بنائے تھے۔ سندھ کی جانب سے محمد وقاص جونیئر 54 رنز بنا کر نمایاں بیٹسمین رہے۔ناردرن کی جانب سے نوید ملک نے 6 رنز کے عوض 2وکٹیں حاصل کیں جبکہ فاسٹ باؤلر سلمان ارشاداوراسپنر اسامہ میر نے بھی 2، 2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad

Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk